# اشتہار برائے بولی / آکشن برائے لیز/کرایہ/ٹھیکہ کینٹین

ادارہ ہذاسینٹر آف ایکسیلینس حافظ آباد(اوسط نفری-1700 بشمول طلبہ وطالبات، اساتذہ ، سٹاف)میں کینٹین کو چلانے (فراہمی اشیائے خردونوش واسٹیشنری وغیرہ) کے لئے اچھی شہرت کے حامل تجربہ کار اور انکم ٹیکس گزارکینٹین ہولڈر سے بولی / پیشکش مطلوب ہے۔بولی کے کاغذات زیر دستخطی کو**01 نومبر 2024**دن11:00 بجے تک موصول ہوجانے چاہئیں۔ بولی کا عمل اسی دن11:30بجے شروع کیا جائے گا۔ پہلے دن بولی کا عمل کا میاب نہ ہونے کی صورت میں دوسری دفعہ بولی کا عمل **مورخہ04 نومبر2024** دن11:30بجے شروع کیا جائے کا ۔۔ دوسری دفعہ بولی کا عمل کا میاب نہ ہونے کی صورت میں تیسری دفعہ بولی کا عمل **مورخہ07 نومبر2024** دن11:30بجے شروع کیا جائے گا ۔ بولی کا عمل ریزروپرائس مبلغ**000**44روپے ماہانہ سے شروع کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہنداکے ساتھ کنٹریکٹ **01 سال** کے لئے ہوگا جو کہ فریقین کی باہمی رضامندی اور اچھی کارکردگی کی بنیاد پر سالانہ **10%**اضافے کے ساتھ قابل توسیع ہوگا۔ بولی کے کاغذات بمعہ شرائط وضوابط دفترہذا سے500روپے کے عوض حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

**نیلامی کی چیدہ چیدہ شرائط درج ذیل ہیں:**

1. بولی میں حصہ لینے سے قبل بولی دہندہ کو اصل شناختی کارڈ (نادرہ) موقع پر پیش کرنا ہوگا اور انکم ٹیکس رجسٹرڈ ہوگا اور مبلغ پانچ ہزار روپے زربیعانہ جمع کرانا ہوگا۔ جو کہ ناقابل واپسی ہوگا۔
2. کامیاب بولی دہندہ کو 3 ماہ کا گرایہ بطور سیکورٹی جمع کرانا ہوگا۔
3. نیلام بند/ختم ہونے کے اعلان کے بعد کسی قسم کی پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔
4. کامیاب بولی دہندہ پر انکم ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس و دیگر فیش / ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قونین کے تحت ہوگا۔ جو کامیاب بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔


## پرنسپل : سینٹر آف ایکسیلینس (گرلز) حافظ آباد

محلہ عثمان گنج گلی نمبر۔ 04 رابطہ نمبر 0547585203